تعارف مزار مولانا روم (قونیہ شریف)

مزار مولانا روم ایک میوزیم کی صورت میں موجود ہے جس کا رقبہ 18000 مربع میٹر ہے جو درگاہ حضرت مولانا، مسجد، درویشوں کے کمرے، لائبریری، تبرکات کے کمرے، سماع ہال، مطبخ، وسیع لان، صحن، باغیچہ اور دفاتر پر مشتمل ہے۔ مولانا میوزیم روزانہ صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک بغیر وقفہ کے کھلا رہتا ھےاور اس میں داخلے کے لیے ٹکٹ لینا ضروری ہے۔(1)

قافلہ سالار عشق حضرت مولانا جلال الدین رومی رضی اللہ عنہ‌نے شہر قونیہ (ترکی) کو اپنا دائمی مسکن بنایا جو ترکی کے مشہور تاریخی شہر استنبول سے 665 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ حضرت مولانا رومی فرماتِے ہیں کہ قونیہ شہر کو ہم‌نے مدینة الاولیاء کا لقب دے دیا ہے اس شہر میں ولی پیدا ھوتے رھیں گے۔(2) ترکی کے اسی خوبصورت ودلکش شہر میں حضرت مولانا جلال الدین رومی کا مزار مبارک موجود ہے۔

حضرت مولانا جلال الدین رومی کا مزار مبارک خوبصورت ودلکش اور ڈیزائن کے لحاظ سے ایک منفرد مزار مبارک ہے، ظاھری خوبصورتی اور جاہ وجلال کے علاوہ انوار و تجلیات کے بھی کیا کہنے۔ (3)

بیرونی منظر مزار مبارک حضرت مولانا جلال الدین رومی	
بنیادی معلومات	
مقام	قونیہ, ترکی

تبرکات مولانا روم

حضرت مولانا روم کے مزار مبارک کے ایک حصہ میں شیشے کی ایک الماری میں حضرت مولانا روم کے تبرکات محفوظ ہیں جن میں حضرت مولانا روم کا لباس مبارک، حضرت مولانا کی جائے نماز، کندھے پر ڈالنے والا رومال، مولانا کی تین ٹوپیاں اور دو عدد جبے سرفہرست ہیں۔(4)

بیرونی روابط

بارگاہ پیر رومی میں آرکائیو پر

بارگاہِ پیر رومی میں اسکربڈ پر

بارگاہِ پیر رومی میں گیوٹن برگ پر

حوالہ جات

(1) بارگاہِ پیر رومی میں، افتخار احمد حافظ قادری،2006ء، ص 20

(2) بارگاہِ پیر رومی میں، افتخار احمد حافظ قادری،2006ء، ص 20

(3) بارگاہِ پیر رومی میں، افتخار احمد حافظ قادری،2006ء، ص 23

(4) بارگاہِ پیر رومی میں، افتخار احمد حافظ قادری،2006ء، ص 35